ضمیمہ-A

# صنفی تناظر میں تجزیہ درسی کتب کے تعین قدر کے وسائل

## A۔شناختی ڈاٹا

1۔ درسی کتاب کا عنوان

2۔ جماعت

3۔ مضمون

4۔ زبان

5۔ مصنفین/تصنیفی جماعت—

خواتین کی تعداد۔

مردوں کی تعداد۔

6۔ مدیران—

خواتین کی تعداد۔

مردوں کی تعداد۔

7۔ اشاعت کا مہینہ اور سال

8۔ صفحات کی مجموعی تعداد

9۔ اسباق کی مجموعی تعداد

10۔ ناشر کا مکمل پتا

11۔ سکّہ بند تصور اور صنفی تعصب کے تناظر میں سرورق/پچھلا صفحہ

a۔ بصری مواد کی وضاحت (تذکیریت/تانیثیت/صنفی غیر جانب داری/دیگر)

b۔ مشمولات کی وضاحت

12۔ صنفی تعصب اور سکّہ بند تصور کے تناظر میں سرورق/پچھلے صفحہ کا اندرونی حصہ

a۔ بصری موادا کی وضاحت

b۔ مشمولات کی وضاحت

13۔ کوئی اور اطلاع

14۔ تجاویز

## B- مشمولات اور بصری مواد کا تجزیہ

1- سبق/باب/اکائی

2- عنوان/نفس موضوع

| صفحات کی مجموعی تعداد | مشمولات | بصری مواد | تاثرات | تجاویز | مشقیں/عملی کام/ سرگرمیاں |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

مشمولات اور بصری مواد کا تجزیہ کرتے وقت درج ذیل باتوں پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

**(a) مواد کے تجزیے سے یہ بات واضح طور پر منعکس ہونی چاہیے کہ آیا کسی طرح کے صنفی تعصب، سکّہ بند صنفی تصور کا وجود ہے یا صنفی غیر جانب داری یا صنفی مشمولیت ہے—**

I- مشمولات کی تقسیم

II- نفس موضوع میں لڑکے، لڑکیوں، مردوں اور عورتوں کے لیے مستعمل صفات

III- متن سے منعکس ہونے والے مردوں اور عورتوں کا تنوع

IV- پیشوں میں صنفی نمائندگی

V- مفوضہ کام— لڑکوں/مردوں/لڑکیوں/عورتوں/دونوں کو

VI- مردوں/لڑکوں اور عورتوں/لڑکیوں سے متعلق انسانی اقدار

VII- روایتی طور طریقوں کے حوالے

VIII- لڑکوں/لڑکیوں، مردوں/عورتوں یا دونوں کی شمولیتوں/حصولیابیوں میں وزن۔ عمر کی اہمیت

IX- کیا حاشیہ نشین طبقوں، ان کی ثقافت اور طرزِ زندگی کی نمائندگی ہوتی ہے؟

X- کیا تعصّبات کا ذکر کیا گیا ہے؟

XI- کیا قصے کہانی میں صرف کسی مخصوص ذات اور جماعت کے بارے میں ہی بتایا گیا ہے؟

XII- اقتدار کے رابطوں کی عکاسی کس طرح کی گئی ہے؟

XIII- غذا، تعلیم، سبھی طرح کے مالی امور، صحت، پیشہ اور دیگر معاملات میں فیصلہ کون لیتا ہے؟

XIV- کیا نفس موضوع سے مختلف میدانوں میں خواتین کی حصے داری کی ترجمانی معقول حد تک یا صرف علامتی طور پر ہوتی ہے؟

XV- مندرجہ ذیل حوالوں سے سماج کے مختلف حلقوں میں خواتین کی عکاسی کس طرح کی گئی ہے؟

— خاندان

— اسکول

— کام کرنے کی جگہ

— سماج

XVI۔ ایک غیر جانب دار دائرۂ کار میں صنف کے لحاظ سے کاموں کی تقسیم

XVII۔ آمدنی کے حصول کے لیے اشیا اور خدمات کی پیداوار سے متعلق پیداواری سرگرمیوں کو کون انجام دیتا ہے؟

XVIII۔ پانی لانے، بیماروں کی خدمت کرنے، بچوں کی نگرانی، ایندھن کی لکڑی لانے اور معمول کی گھریلو سرگرمیوں کو کون انجام دیتا ہے؟

XIX ۔عوامی سرگرمیوں جیسے فلاحی سرگرمیاں، مجلسوں کا انعقاد، شادی، آخری رسوم، مذہبی امور، پڑوس کی مجلسیں، کوئی اور سرگرمی کون انجام دیتا ہے؟

-اس طرح کی سرگرمیوں کی ابتدا کون کرتا ہے؟ مرد/عورت/دونوں

XX۔ تبدیلی کے عامل کے طور پر کسے دکھایا گیا ہے؟

1۔ جدوجہد

2۔ اختلاف رائے

3۔ تحریکات

4۔ سائنسی رویہ/مزاج

5۔ سائنسی حصول یابیاں

## (b) بصری مواد

I۔ مردوں اور عورتوں کی نمائندگی

فعال کردار

مجہول کردار

II۔ درج ذیل سے متعلق مردوں اور عورتوں کی تصویرکشی

فرائض

پیشہ

پوشاک

ظاہری شکل وصورت اور وضع قطع

III۔ بصری مواد میں مردوں اور عورتوں کی حیثیت

IV۔ مختلف سرگرمیوں کو انجام دینے میں مردوں اور عورتوں، لڑکوں اور لڑکیوں کی تصویرکشی کس طرح کی گئی ہے؟

V۔ بصری مواد میں نمایاں کردار (ہیرو) کون ہے؟

VI۔ بصری مواد میں مجہول کردار (وصول کنندہ) کون ہے؟

VII۔ بصری مواد سے منعکس مردوں اور عورتوں کا مرتبہ

VIII۔ حرکات وسکنات سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

IX۔ لباس سے کیا اندازہ ہوتا ہے؟

## C۔ مشمولات اور بصری مواد میں کرداروں کی مجموعی تعداد

- مرد:
- عورت:
- دونوں—(جیسے انسان، وہ لوگ، انھیں، عوام، ہم سب، تم، ہم، وہ مذکر/ وہ مونث وغیرہ)

## D۔ مشقیں/عملی کام/سرگرمیاں

- کیا مشقیں صنف، طبقہ اور ذات سے متعلق مسائل کی معلومات فراہم کرتی ہیں؟
- کیا مشقوں میں اقتدار کے رابطوں پر سوال اٹھانے کی کوشش کی گئی ہے؟
- کیا ان سے بچوں کو زندگی کی حقیقتوں سے ہم آہنگ ہونے میں مدد ملتی ہے؟
- کیا یہ تنقیدی فکر اور مسائل حل کرنے کی مہارتوں کو فروغ دیتی ہیں؟
- کیا یہ بچوں میں تخیل اور تخلیقی صلاحیت کو فروغ دیتی ہیں؟
- کیا ان سے بچوں کو مل جل کر کام کرنے اور تعاون کرنے کی ترغیب ملتی ہے؟

## E۔ مشمولات اور بصری مواد کی تصویر کشی سے متعلق درسی کتابوں کا مجموعی اندازۂ قدر

درج ذیل نقطۂ نظر سے کتاب کا مشاہدہ

- صنفی تعصب
- سکّہ بند صنفی تصور
- صنفی مشمولیت
- صنفی غیر جانب داری
- نظامِ اقتدار
- موضوعاتی ہم آہنگی، ربط اور سیاق کاری
- ٹکنالوجی کا حوالہ اور مردوں/عورتوں، لڑکوں/لڑکیوں، دونوں کے ذریعے اس کا استعمال
- نظم وضبط کا فروغ اور جماعت کی مختلف سطحوں پر اسے بروئے کار لانا
(موضوعاتی)

* یہ وسائل اپنی نوعیت کے اعتبار سے تجویز کی حیثیت رکھتے ہیں۔ انھیں جوں کا توں یا متعلقہ سیاق میں حسبِ ضرورت ردوبدل کر کے اختیار کیا جاسکتا ہے۔

# اصطلاحات کی فرہنگ

- **صنف**۔ ایک سماجی ساخت ہے۔ اس کا تعلق مردوں اور عورتوں کے درمیان ان سماجی امتیازات سے ہے جو مضبوط رشتوں کے مجموعے کے درمیان تصور، نافذ اور محسوس کیے جاتے ہیں۔ یہ مختلف معاشرے اور تہذیبوں میں مختلف قسم کے ہوتے ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ صنف ایک مخصوص ثقافتی تغیر ہے۔ صنف کا استعمال کسی مخصوص معاشرتی سیاق میں عورتوں اور مردوں کے کردار، ان کی ذمّے داریوں، ان پر عائد پابندیوں، مواقع اور ضروریات کا تجزیہ کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔
- **صنفی تعصب**۔ درسی مواد اور اسکولی مراحل میں لڑکیوں اور عورتوں کے تعاون کو نظر انداز کرنا یا کم رتبہ سمجھنا۔
- **صنفی مشمولیت**۔ اس میں دونوں صنفوں (مردوں اور عورتوں) کے ذریعے انجام پانے والی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔
- **صنفی غیر جانب داری**۔ قدرتی ڈھکانوں کی بالخصوص ترجمانی کرنے والا متن (درسی مواد)۔ اس سے مراد مردوں اور عورتوں سے نہیں ہے اور دونوں جنسوں پر مساوی طور پر اثر انداز ہوتی ہے۔ یہ عورتوں، مردوں، لڑکیوں اور لڑکوں سے اس طرح پیش آتی ہے گویا وہ ایک ہی قسم کے گروپ کے حصّے ہوں۔ صنفی غیر جانب داری کی حکمتِ عملیوں کے تحت وسائل اور ذمے داریوں کی موجودہ صنفی تقسیم کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ یہ تذکیریت وتانیثیت اور ان کے تہذیبی وسماجی انسلاکات کے حوالوں کو نظر انداز کرتی ہے۔
- **سکّہ بند صنفی تصور**۔ اس کا مطلب کسی مخصوص صنف (یعنی مرد یا عورت) کو پہلے سے طے شدہ رایوں اور معاشرتی روابط (عمل) کے اثرات کی بنیاد پر کردار، کام اور ذمے داریوں کو تفویض کرنا ہے۔ سکّہ بند صنفی تصور کی تصویر کشی (عکاسی) میڈیا کی مختلف شکلوں جیسے فلموں سمعی بصری مواد، آوازوں، مکالموں، لطیفوں اور کتابوں میں کی جاتی ہے جہاں روایتی صنفی کردار یا تقسیمِ محنت کے مطابق عورتوں اور مردوں کی سماجی شراکت کا تعین ہوتا ہے۔